# Maulana Azad National Urdu University

## Department of History

PG- II Semester Examination, April/May 2026

Course Code: MAHS211CCT

Subject: History of India: From Post-Mauryas to the 12th Century

Total Marks: 70 Time: 3 Hours

**ہدایات:**

یہ پرچہ سوالات تین حصوں پر مشتمل ہے: حصہ اول، حصہ دوم، حصہ سوم - ہر جواب کے لیے لفظوں کی تعداد اشارۃ ہے تمام حصوں سے سوالوں کا جواب دینا لازمی ہے -

1. **حصہ اول** میں 10 لازمی سوالات ہیں جو کہ معروضی سوالات / خالی جگھوں پر کرنا / مختصر جواب والے سوالات ہیں ہر سوال کا جواب لازمی ہے ہر سوال کے لیے 1 نمبر ہے

(10x1=10 marks)

2. **حصہ دوم** میں 8 سوالات ہیں، اس میں سے طالب علم کو کوئی پانچ سوالوں کے جواب دینے ہیں ہر سوال کا جواب تقریبا (200) لفظوں پر مشتمل ہو۔

ہر سوال کے لیے 6 نمبرات مختص ہیں (5x6=30 marks)

3. **حصہ سوم** میں 5 سوالات ہیں، اس میں سے طالب علم کو کوئی تین سوالوں کے جواب دینے ہیں ہر سوال کا جواب تقریبا (500) لفظوں پر مشتمل۔

ہر سوال کے لیے 10 نمبرات مختص ہیں (3x10=30 marks)

---

## حصہ اول

.1

i. مابعد موریہ دور میں کلنگا پر کس خاندان کی حکومت تھی۔

ii. ہیلیوڈورس (Heliodorus) کتبہ کہاں واقع ہے۔

iii. سنگم ادب میں تنئی (Tinai) سے کیا مراد ہے۔

iv. گپت دور میں لفظ ہرنیہ (Hiranya) کا کیا مطلب ہے۔

v. کشان خاندان سے متعلق کسی ایک کتبہ کا نام بتائیں۔

vi. مملاپورم کا بانی کس کو مانا جاتا ہے۔

vii. "مدورئی کونڈا" (Madurai Konda) کا لقب کس چولا حکمران سے منسوب ہے۔

viii. "Urban Decay in India (c. 300–1000)" کس کی تصنیف ہے۔

ix. چولا دور میں مقامی نظم ونسق (Local Administration) کا پہلا ذکر کس کتبہ میں ملتا ہے۔

x. ہرش وردھن کو شکست دینے والے دکنی حکمران کا نام بتائیں۔

## حصہ دوم

2. گپت دور کے سماجی اور ثقافتی حالات پر روشنی ڈالیں۔

3. شنگا خاندان (Shunga Dynasty) پر ایک مختصر نوٹ لکھیں۔

4. گپتا دور کے فنِ تعمیر کا جائزہ لیں۔

5. پریاگ پرشستی کی تاریخی اہمیت پر ایک نوٹ لکھیں۔

6. ہندوستانی تاریخ میں ساتواہن خاندان کی اہمیت کو مختصر میں بیان کریں۔

7. قدیم ہندوستان میں مندروں کے فنِ تعمیر کی خصوصیات کا جائزہ لیں۔

8. چولا دور میں مقامی نظم و نسق (Local Administration) پر مختصر نوٹ تحریر کریں۔

9. مابعد موریہ دور میں بیرونی تجارت کا تجزیہ پیش کریں۔

## حصہ سوم

10. سنگم ادب کی روشنی میں جنوبی ہند کے سماجی، ثقافتی اور معاشی حالات کا تفصیلی جائزہ لیں۔

11. قدیم ہندوستان کی تاریخ میں کشان خاندان کی اہمیت کو تفصیل سے سمجھائیں۔

12. ہرش وردھن پر خصوصی توجہ دیتے ہوئے مابعد گپت دور کی سماجی و معاشی حالات کا تجزیہ پیش کریں۔

13. گپتا دور کے انتظامی نظام کی نمایاں خصوصیات پر روشنی ڈالیں۔

14. قدیم ہندوستان میں جاگیردارانہ نظام (Feudal System) کے ارتقاء پر بحث کریں۔